پریس اطلاعات بیورو
(اردو یونٹ)
محکمۂ اطلاعات و رابطۂ عامہ، اترپردیش، لکھنؤ

**27/01/2022**

# مثالی ضابطہ اخلاق کی تکمیل میں اب تک 767501 لائسینسی اسلحہ جمع کرائے گئے

لکھنؤ: ۲۷/ جنوری ۲۰۲۲ء-

اترپردیش کے چیف الیکشن افسر جناب اجے کمار شکلا نے بتایا کہ ودھان سبھا عام انتخابات-2022 کے ضمن میں پوری ریاست میں نافذ مثالی ضابطہ اخلاق کو یقینی بناتے ہوئے عوامی اور نجی مقامات سے اب تک کل 6458823 تشہیری مواد ہٹایا گیا، جس میں عوامی مقامات سے 4845147 تشہیری مواد ہٹایا گیا۔ اسی طرح نجی مقامات سے 1613676 تشہیری مواد ہٹایا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ اب تک عوامی مقامات سے وال رائیٹنگ کے 346193، پوسٹر کے 2167055، بینر کے 1546564 اور دیگر 785335 معاملوں میں کارروائی کی گئی ہے۔ اسی طرح نجی مقامات سے وال رائیٹنگ کے 154957، پوسٹر کے 717945، بینر کے 456257 اور دیگر 284517 معاملات میں کارروائی کی گئی۔

چیف الیکشن افسر نے بتایا کہ امن وامان کے ماحول میں ووٹنگ کیلئے ریاست میں نظم ونسق کو موثر طریقہ سے نافذ کیا گیا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ پولیس، انکم ٹیکس، آبکاری اور نارکوٹس محکمہ کے ذریعہ کارروائی کی جارہی ہے، جس میں پولیس محکمہ کے ذریعہ اب تک 767501 لائیسنسی اسلحہ جمع کرائے گئے ہیں۔ اب تک 450 لائیسنس ضبط کیے گئے اور 1145 لائیسنسوں کو منسوخ کیا گیا ہے۔ اسی طرح سی آر پی سی کے تحت انسدادی کارروائی کرتے ہوئے 2699361 لوگوں کو پابند کیا گیا۔ انہوں نے بتایا کہ مثالی ضابطہ اخلاق کی خلاف ورزی کے الزام میں اب تک مختلف دفعات میں 422 میں ایف آئی آر درج کرائی گئی ہیں۔ اس کے علاوہ پولیس محکمہ کے ذریعہ 6248 اسلحہ، 6509 کارتوس، 214 دھماکہ خیز مواد اور 177 بم برآمد کیے گئے۔ محکمۂ پولیس کے ذریعہ ریڈ ڈال کر غیر قانونی اسلحہ بنانے والی 108 فیکٹریوں کو سیز کیا گیا۔

چیف الیکشن افسر نے بتایا کہ آبکاری اور پولیس محکمہ کے ذریعہ اب تک 14.80 کروڑ روپے سے زائد قیمت کی 2 0 4 0 6 6 6 لیٹر شراب ضبط کی گئی ہے۔ اس کے علاوہ محکمۂ پولیس کی کارروائی سے اب تک 18.20 کروڑ روپے سے زائد نقدی بھی برآمد کی گئی ہے، جس میں سے تقریباً 98.30 لاکھ روپے کی نقدی آج برآمد کی گئی ہے۔ اسی طرح نارکوٹس ڈیپارٹمنٹ کے ذریعہ اب تک تقریباً 25.05 کروڑ روپے سے زائد قیمت کا 6848 کلوگرام ڈرگس ضبط کیا گیا ہے، جس میں سے 21.49 لاکھ روپے سے زائد قیمت کا 56.23 کلوگرام ڈرگس آج ضبط کیا گیا۔ ساتھ ہی محکمۂ پولیس کے ذریعہ اب تک 95.96 لاکھ روپے کی 86.76 کلوگرام کی بیش قیمتی فلزیات/میٹل بھی برآمد کیے گئے ہیں۔

☆☆☆☆☆